# 11-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا سومناتھ مندر ملک کے فخر،عزت نفس اور روحانی طاقت کا جیتا جاتا ثبوت۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا نے کہا اندراماں مکانات کی تعمیر کیلئے اب استفادہ کنندگان کیلئے ہر ہفتہ فنڈس منظور کیے جائیں گے۔

۳۔ بیروزگاری پر حکومت کا رویہ مایوس کن،فوری جاب کیلنڈر پر وضاحت پیش کرنے بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ کا مطالبہ۔

اور

۴۔شری ہری کوٹہ ستیش دھون اسپیس سنٹر سے پی ایس ایل اوی۔سی 62 راکٹ کا تجربہ کل صبح دس بجکر آٹھارہ منٹ پر روانگی۔

Indiramma House

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے واضح کیا ہے کہ اندراماں مکانات کی تعمیر کیلئے ہر ہفتہ فنڈس منظور کیے جائیں گے۔انہوں نے خواہش کی کہ استفادہ کنندگان تیزی کے ساتھ تعمیراتی کام مکمل کریں۔انہوں نے آج راما گنڈم کے دورہ کے موقع پر بتایا کہ 800 میگاواٹ تھرمل پاور پوائنٹ کی تعمیر کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

Grokul Admission

ریاست کے تمام گروکل اداروں میں تعلیمی سال 2026 اور 27 کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔سوریہ پیٹ ضلع کلکٹر تیجاس نندلال پوار نے اہل ایس ٹی، ایس سی، بی سی اور جنرل طلبہ سے اس مہینہ کی 21 تاریخ سے قبل درخواستیں داخل کرنے کی خواہش کی ہے۔ پانچویں جماعت میں داخلہ امتحان کے ساتھ

ساتھ چھٹویں، ساتویں، آٹھویں اور نویں جماعت میں مخلوعہ نشستوں پر اس نوٹیفکیشن کے ذریعہ داخلوں کا عمل مکمل کیا جائے گا۔ 22 فروری کو منعقد ہونے والے امتحان کے ذریعہ انتخاب کا عمل ہوگا۔ اس کے لئے آن لائن درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔

Amravati

ریاست آندھرا پردیش کے امراوتی میں این ٹی آر کا بھاری کانسہ کا مجسمہ نصب کیا جائے گا۔ ریاستی وزیر نارائنا نے بتایا کہ 35 ٹن کانسہ کا استعمال کرتے ہوئے اس مجسمہ کی تنصیب کیلئے ایک ہزار سات سو پچاس کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔ اس مجسمہ کا وزن 65 ٹن اور بلندی 160 میٹر ہوگی۔

Bhatti

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ علیحدہ ریاست کی تشکیل کے باوجود بی آر ایس پارٹی انتظامی مقاصد کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے بتایا کہ پدیاترا کے دوران کئی عوامی مسائل ان کے علم میں لائے گئے۔ بھٹی وکرامارکا نے بتایا کہ خاص طور پر غریب افراد کے بے گھر ہونے کے مسئلہ پر غور وخوص کرتے ہوئے ریاست میں ان کی حکومت کی جانب سے اندراماں ہاؤسنگ پروگرام پر عمل آوری کی جارہی ہے۔

UPSC

یو پی ایس سی امتحانات میں مزید شفافیت کے مقصد سے فیس آتھنٹی فکیشن امیدواروں کیلئے لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مصنوعی ذہانت سے کام کرنے والے اس طریقہ کار پر تا حال این ڈی اے، سی ڈی اے امتحانات میں اِس کا تجربہ پائلٹ پراجکٹ کے طور پر کامیابی سے کیا گیا۔ یو پی ایس سی چیرمین اجئے کمار نے بتایا کہ اِس کے ذریعہ ویری فکیشن کا عمل صرف دس سکنڈ میں پورا ہوتا ہے جس سے وقت کی بچت ہوتی ہے۔

Janasena Party

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ آنے والے میونسپل الیکشن میں جنا سینا کے ساتھ مفاہمت کی بی جے پی کو ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں بی جے پی متبادل طاقت کے طور پر ابھرے گی۔ آندھرا پردیش میں وہاں کی صورتحال کی بنا پر اتحاد تشکیل پایا۔ انہوں نے بتایا کہ تلنگانہ میں ان کی پارٹی مضبوط ہے۔ بلدی انتخابات میں جنا سینا کے ساتھ مفاہمت کے معاملہ میں قومی سطح پر فیصلہ لیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات واضح کردی۔ ریاست میں بلدی انتخابات میں حصہ لینے کا جنا سینا پارٹی نے کل اعلان کیا تھا۔

PSLV-C62

آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹہ ستیش دھون اسپیس سنٹر سے پی ایس ایل وی۔سی 62 ریاکٹ کے تجربہ کیلئے الٹی گنتی شروع ہوگئی ہے۔ کل صبح دس بجکر آٹھارہ منٹ پر اس کا تجربہ کیا جائے گا۔ یہ پی ایس ایل وی کا 64 واں لانچ ہے اور پی ایس ایل وی ڈی ایل ویریئنٹ میں پانچواں مشن ہے۔ اس کے ذریعہ جدید زمینی مشاہداتی سٹلائٹ کے ساتھ مزید پانچ چھوٹے سٹلائٹ روانہ کئے جائیں گے۔

Vadde Obanna

اووڈے اوبنا وہ شخصیت تھی جنہوں نے مجاہد آزادی کے طور پر ملک کی آزادی کیلئے اپنی جان قربان کردی۔ ان خیالات کا اظہار کئی اہم شخصیات نے کیا ہے۔ آج اووڈے اوبنا کی 219 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ریاست گیر سطح پر کئی اضلاع میں خصوصی پروگرامس منعقد کئے گئے۔ حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں منعقدہ ان کی یوم پیدائش تقریب میں ان کی تصویر پر پھول مالا چڑھاتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

Peddapalli

ضلع پداپلی راما گنڈم میں آج ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا کے ساتھ وزرائے نے بعض ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کی افتتاحی وسنگ بنیاد تقاریب میں حصہ لیا۔اندراماں مکانات کے پٹہ جات کی تقسیم، ڈبل بیڈروم مکانات کے افتتاح کے ساتھ ساتھ 255اعشاریہ 82 کروڑ کی لاگت سے امرت اسکیم کے ذریعہ کروائے جانے والے سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، تقریباً240 کروڑ کی لاگت سے سی سی روڈ، انڈرگراؤنڈ ڈرینج اور پینے کے پانی کی سربراہی جیسے کاموں کا سنگ بنیادرکھا گیا۔اِس موقع پر ریاستی وزرا کونڈا سریکھا، پنگولیٹی سرینواس ریڈی، سریدھر بابو، اڈلوری لکشمن کمار موجود تھے۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر سریدھر بابو نے خطاب کیا۔

Sound Byte: Sridhar Babu

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے کہا ہے کہ ریاست میں بیروزگاری کا مسئلہ سنگین ہے اور ملازمتوں پر تقررات کے معاملہ میں ریاستی حکومت کی جانب سے اختیار کردہ رویہ مایوس کن ہے۔انہوں نے جاب کیلنڈر پر حکومت کی جانب سے وضاحت پیش کرنے کا مطالبہ کیا۔کے ٹی آر نے یہ بھی کہا کہ دس ارکانِ اسمبلی کس پارٹی میں ہے اس کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا۔انہوں نے اسپیکر اسمبلی گڈم پرساد کمار کی جانب سے کسی بھی طرح کا فیصلہ نہ لئے جانے پر اعتراض کیا۔کے ٹی آر نے کہا کہ حیدرآباد میں ہائیڈرا کی جانب سے صرف عام لوگوں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے لیکن وزرا اور ارکانِ اسمبلی کے مکانات کا ہائیڈرا کی جانب سے کیوں احاطہ نہیں کیا جارہا ہے۔بی آر ایس کے کارگزار صدر نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے ریاست میں دھوکہ دہی پرمبنی وعدوں کے ذریعہ اقتدار حاصل کیا۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں ان کی حکومت قائم ہوگی۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ مودی حکومت نے مسلم خواتین کیلئے تاریخی اصلاحات پر عمل آوری کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ طلاق ثلاثہ کے ذریعہ انہیں تحفظ فراہم کیا گیا۔ مرکزی وزیر نے مجلس اتحادالمسلمین کے قائد اسدالدین اویسی کی جانب سے کئے گئے ریمارکس پر ردِعمل ظاہر کیا۔ بنڈی سنجے نے پوچھا کہ مجلس نے کتنی خواتین کو ٹکٹ دیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی پوچھا کہ اسی طرح پارٹی میں ایک خاتون کو بھی کیا اہم عہدہ فراہم کیا گیا۔

Modi - Somnath

گجرات کے سومناتھ مندر پر حملہ کو ہوئے ایک ہزار سال کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے شوریہ یاترا میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مندر کی حفاظت کیلئے جانوں کو قربان کرنے والے بہادروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ 108 گھوڑوں پر مشتمل شوریہ یاترا کے بعد وزیراعظم نے سومناتھ مندر میں خصوصی پوجا کی۔ اِس موقع پر وزیراعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ گجرات میں واقع سومناتھ مندر کی اہمیت کو سابق میں کانگریس حکومت نے دانستہ طور پر نظرانداز کیا۔ آزادی کے بعد سردار ولبھ بھائی پٹیل نے اس مندر کی دوبارہ تعمیر کی کوشش کی تو اس وقت کی حکومتوں نے رکاوٹیں کھڑی کیں۔

Traffic Jam

سنکرانتی کے موقع پر لوگوں کے آبائی مقامات جانے کے پیش نظر حیدرآباد۔ وجئے واڑہ نیشنل ہائی وی 65 پر ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ حیدرآباد سے وجئے واڑہ، کھمم، نلگنڈہ جانے والی سڑک پر گاڑیوں کی گرفتار آہستہ دیکھی جارہی ہے۔ عام دنوں میں ایک گھنٹہ میں مکمل کئے جانے والے سفر کیلئے اس وقت تین گھنٹوں کا وقت درکار ہورہا ہے۔ یہ بات گاڑی سواروں نے بتائی۔ عہدیداروں کے مطابق کل ایک ہی دن میں ایک لاکھ سے زیادہ گاڑیاں نیشنل ہائی وے سے گزری ہیں۔

Bhaktula raddi

یادگیری گوٹہ شری لکشمی نرسمہا سوامی واری مندر میں تعطیلات کے پیش نظر بھکتوں کا ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ سوامی واری کے درشن کیلئے تین گھنٹوں کا وقت جبکہ خصوصی درشن کیلئے دو گھنٹوں کا وقت درکار رہورہا ہے یہ بات مندر کے عہدیداروں نے بتائی۔اسی طرح ملگ ضلع کے میڈارم میں واقع سمکا سارالما کے پاس بھی ریاست کے دوردراز کے مقامات سے بھکت پہنچ رہے ہیں۔